جھارکھنڈ کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتدریس رانچی (JCERT)

PROJECT RAIL

(REGULAR ASSESSMENT FOR IMPROVED LEARNING)

General School

درجہ(Class) :۔ 6TH　　مضمون(Subject) :۔اردو

وقت:۔ ایک گھنٹہ　　مجموعی نمبر:۔20

عمومی ہدایات:۔ (1)سوالوں کی کل تعداد 10 ہے۔سبھی سوالوں کے جواب دینا لازمی ہے۔

(2) سوال نمبر 1 سے 5 تک معروضی سوالات ہیں۔ہر ایک کے لئے 1 نمبر مختص ہے۔

(3)سوال نمبر 6 اور 7 کے لئے مختصر ترین جواب مطلوب ہیں۔ہر ایک سوال کے لئے دو نمبر متعین ہے۔

(4)سوال نمبر 8 کے لئے طویل جواب مطلوب ہے جس کے لئے 3 نمبر متعین ہے۔

(5) سوال نمبر 9 اور 10 کے لئے مزید طویل ترین جواب مطلوب ہیں۔ہر ایک لئے 4 نمبر مختص ہیں۔

حصہ(الف) معروضی سوالات　Section-A (5x1=5)

سوال نمبر 1　ہدہد نے چھوٹی چڑیا کو گھونسلا بنانے کی کیا ترکیب بتائی؟

(الف) پیڑ کی ڈالی پر تنکا ڈال کر　(ب) درخت کو کھود کر　(ج) پتوں کو سی کر　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر 2　چڑیا کو گھونسلا بنانے کی فکر کیوں تھی؟

(الف) گرمی سے بچنے کے لئے　(ب) برسات سے بچنے کے لئے　(ج) سردی سے بچنے کے لئے　(د) دوسرے پرندوں سے بچنے کے لئے

سوال نمبر 3　ذیل میں سے کون پرندہ نہیں ہے؟

(الف) چڑیا　(ب) ہدہد　(ج) خرگوش　(د) سارس

سوال نمبر 4　پونگل کا تہوار کس صوبے میں منایا جاتا ہے؟

(الف) تمل ناڈو　(ب) کیرل　(ج) آسام　(د) گجرات

سوال نمبر 5　خالی جگہ کو مناسب لفظ سے پُر کریں۔

(انعقاد، تعریف، شکایت، خوشی)

خوشی کے اس موقع پر مختلف قسم کی تقریبات کا بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیا جاتا ہے۔

حصہ(ب)مختصر ترین سوالات　Section-B (2x2=4)

سوال نمبر 6　چوں چوں چڑیا نے ننھی چڑیا کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

سوال نمبر 7　کیرل میں اونم کا تہوار کس خوشی میں منایا جاتا ہے؟

حصہ(ج)طویل سوال　Section-C (1x3=3)

سوال نمبر 8　بسنت پنچمی کے دن لوگ کیا کرتے ہیں؟

حصہ(د)طویل سوال　Section-D (2x4=8)

سوال نمبر 9　جوڑے بنائیے۔

(الف)	(ب)
چڑیا	بل
ہدہد	گھونسلا
خرگوش	کھود

سوال نمبر 10　آپ کو کون سا تہوار سب سے اچھا لگتا ہے؟

RAIL-16.06.2026 PROJECT RAIL